*__فوائد پر ممکنہ اثر__*

*صرف معلومات*

**تعارف:** ان معلومات کو ڈیزائن کرنے کا مقصد افراد کو یہ بات سمجھنے میں مدد فراہم کرنا ہے کہ Fairfax County Economic Mobility Pilot سے ماہانہ بنیادوں پر وصول ہونے والی ادائیگیاں ان کے عوامی فوائد کو کس طرح متاثر کر سکتی ہیں۔

تین اہم ذرائع فوائد کو متاثر کر سکتے ہیں:

- **گمنام اثر: پائلٹ کے آغاز کے وقت،** آپ کی اہلیت یا فائدے کی رقم کی بنیاد پر ماہانہ ادائیگیاں وصول کرنے کا کوئی معلوم تاثر موجود نہیں ہے۔
- **فوائد میں ممکنہ کمی:** ماہانہ ادائیگیاں وصول کرنے کا نتیجہ فائدے میں کمی کی صورت میں *واقع ہو سکتا* ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ آپ اب بھی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، تاہم اس میں ہر ماہ کمی واقع ہو سکتی ہے۔
- **فوائد سے ممکنہ محرومی:** ماہانہ ادائیگیاں وصول کرنے کا نتیجہ فائدے سے محرومی کی صورت میں واقع ہو سکتا ہے، اس کا انحصار اس آمدنی کی مقدار پر ہوتا جنہیں آپ FCEMP ادائیگیوں کے علاوہ کماتے ہیں۔

**نوٹ: یہ صرف عمومی معلومات کے لیے ہے۔ ہر درخواست گزار کی صورت حال کو احتیاط سے زیر غور لانا چاہیئےاور انہیں اس ایجنسی سے حسب ضرورت تمام سوالات پوچھنے چاہیئں جو ان کے فوائد کا انتظام کر رہی ہے۔**

| عوامی فائدہ | اس سے کیا مراد ہے؟ | متوقع اثر |
|---|---|---|
| Federal Supplemental Security Income (SSI) | بالغان اور معذوریوں کے حامل افراد کے لیے بنیادی مالی معاونت کی کم سے کم حد | **فائدے سے ممکنہ محرومی**<br>SSI کے لیے متعین کردہ اصول اور آمدنی کی حدود پیچیدہ ہیں۔ پائلٹ میں شرکت کرنے سے آپ جو ادائیگیاں وصول کرتے ہیں انہیں مدِ نظر رکھا جائے **گا** اور ممکن ہے کہ یہ آپ کو SSI کے لیے نااہل ٹھہرا دیں۔ |
| Medicaid | بچوں اور بالغان کے لیے مفت یا کم قیمت بیمہ صحت۔ | **فائدے کی رقم منسوخ ہونے کا امکان** ممکن ہے کہ جو ادائیگیاں آپ پائلٹ میں شرکت کرنے سے حاصل کرتے ہیں انہیں بن کمائی آمدنی کے طور پر شمار کیا جائے اور **یہ** امر آپ کی اہلیت کی راہ میں رکاوٹ بنے گا۔ |

FAIRFAX COUNTY ECONOMIC MOBILITY PILOT

***فوائد پر ممکنہ اثر***

***صرف معلومات***

| عوامی فائدہ | اس سے کیا مراد ہے؟ | متوقع اثر |
|---|---|---|
| | | آپ کے گھرانے کی موجودہ طور پر کمائی جانے والی آمدنی کے لحاظ سے ، یہ آپ کی آمدنی کی حدود سے متجاوز ہونے کے باعث، پائلٹ سے وصول ہونے والی کیش گرانٹ سے آپ کو Medicaid کے لیے نااہل ٹھہرا سکتی ہے۔ |
| Supplemental Nutrition Assistance Program (SNAP) کی جانب سے خوراک کی مہریں | کم آمدنی کے حامل بالغان اور خاندانوں کے لیے خوراک کی معاونت تاکہ وہ خوراک کے تصدیق یافتہ ریٹیل اسٹورز سے قابل حصول خوراک کی اشیاء خرید سکیں۔ | **ممکنہ کمی/ فائدے کا اختتام**<br>پائلٹ میں شرکت کرنے سے آپ جو ادائیگیاں وصول کرتے ہیں انہیں SNAP کی اہلیت کے تعین میں شمار **کیا جائے گا**۔ آپ کے گھرانے کی موجودہ طور پر کمائی جانے والی آمدنی کے لحاظ سے، پائلٹ سے وصول ہونے والی کیش گرانٹ آپ کو SNAP کے لیے نااہل ٹھہرا سکتی ہے یا پھر یہ آپ کی SNAP سے حاصل ہونے والی فائدے کی رقم کو کم کر سکتی ہے کیونکہ آپ کی آمدنی کی حدود متجاوزہیں۔ |
| Public Housing (سیکشن 8) اور Housing Choice Vouchers | کم آمدنی کے حامل خاندانوں، بزرگ افراد، اور معذوریوں کے حامل افراد کے لیے حکومت کی زیر ملکیت رہائش گاہوں یا پھر نجی مارکیٹ میں قابل استعمال واؤچرز کے ذریعے فراہم کی جانے والی رہائش گاہوں کی معاونت۔ | **ممکنہ کمی / فائدے کا اختتام**<br>ایسی ادائیگیاں جنہیں آپ پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں وصول کرتے ہیں انہیں گھریلو معاونت کے سلسلے میں آمدنی تصور **کیا جائے گا**۔ |
| Pell Grant | اعلیٰ ثانوی تعلیم (کالج، ایسوسی ایٹ ڈگری) مالی امداد۔ | **فائدے کی ممکنہ کمی**<br>مالی امداد کا حساب آپ کی دو سال پہلے کی آمدنی کی بنیاد پر لگایا جاتا ہے۔ اگر آپ یا زیر کفالت نے اب سے اگلے دو سال کے لیے کالج جانے کا فیصلہ کیا ہے، تو آپ کو پائلٹ سے موصول ہونے والی ادائیگیوں کے لحاظ سے یہ رقم کم ہو سکتی ہے۔ |



نوٹ: یہ صرف عمومی معلومات کے لیے ہے۔ ہر درخواست گزار کی صورت حال کو احتیاط سے سمجھنا چاہیئے اور انہیں اس ایجنسی سے تمام مطلوبہ سوالات پوچھنے چاہیئں جو ان کے فوائد کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔

FAIRFAX COUNTY ECONOMIC MOBILITY PILOT

***فوائد پر ممکنہ اثر***

***صرف معلومات***

| عوامی فائدہ | اس سے کیا مراد ہے؟ | متوقع اثر |
|---|---|---|
| خواتین، شیر خواران، اور نو عمر بچے (WIC) | غذائیت سے بھرپور خوراکیں، نگہداشتِ صحت کے حوالہ جات، اور غذائی تعلیم برائے مائیں، اور شیر خواران نیز نوعمر بچے پانچ سال تک کی عمر کے ایسے بچے جو غذائی خطرے سے دوچار ہیں۔ | **فائدے سے ممکنہ محرومی**<br>پائلٹ سے وصول کی جانے والی ادائیگیاں اس وقت زیر غور لائی جائیں **گی** جب WIC کے لیے اہلیت کا تعین کر لیا جائے گا۔ |
| مفت اور کم قیمت پر اسکول لنچ | عوامی اسکولوں میں اندراج کردہ کم آمدنی کے حامل گھرانوں کے بچوں کے لیے مفت اور کم قیمت پر اسکول کے لنچ۔ | **ممکنہ کمی/ فائدے کا اختتام**<br>عموما اہلیت کا تعین سالانہ ایک مرتبہ کیا جاتا ہے اور پائلٹ کی جانب سے کی گئی ادائیگیوں کو اہلیت کے برعکس شمار **کیا جائے گا**۔ اگلی مرتبہ اہلیت کا جائزہ (ممکنہ طور پر تعلیمی سال کے شروع میں) لیا جائے گا، ہو سکتا ہے کہ اس پروگرام کی وجہ سے آپ مفت سے کم قیمت کے حامل کھانوں پر منتقل ہو جائیں یا یہ آپ کو نااہل بنا دے۔ |
| Medicare | عمر رسیدہ افراد کے لیے مفت یا کم قیمت کا حامل بیمہ صحت۔ | **فائدے کی ممکنہ کمی**<br>جو ادائیگیاں آپ پائلٹ کی جانب سے وصول کرتے ہیں ان کو Medicare Parts B (بیمہ) اور D (تجویز کی گئی ادویات) کی لاگتوں کی اہلیت میں شمار **کیا جائے گا**۔ ان کیش ادائیگیوں کی وجہ سے اس رقم میں اضافہ ہو سکتا ہے جو آپ کو Medicare Part B Premiums کے عوض ادا کرنی پڑے گی نیز Medicare Part D کے تحت<br>علاج کی اضافی لاگتیں بھی بڑھ سکتی ہیں۔ |
| TANF | بنیادی ضروریات کی معاونت کرنے کے لیے عارضی کیش معاونت۔ | **گمنام اثر**<br>پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں آپ کو موصول ہونے والی ادائیگیاں TANF کی اہلیت کا تعین کرتے ہوئے آمدنی میں شمار **نہیں کی جائیں گی**۔ |

Fairfax County Economic Mobility Pilot 2023

نوٹ: یہ صرف عمومی معلومات کے لیے ہے۔ ہر درخواست گزار کی صورت حال کو احتیاط سے سمجھنا چاہیئے اور انہیں اس ایجنسی سے تمام مطلوبہ سوالات پوچھنے چاہیئں جو ان کے فوائد کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔

9/22/2023

FAIRFAX COUNTY ECONOMIC MOBILITY PILOT

***فوائد پر ممکنہ اثر***

*صرف معلومات*

| عوامی فائدہ | اس سے کیا مراد ہے؟ | متوقع اثر |
|---|---|---|
| بچوں کی نگہداشت میں معاونت | سبسڈیز برائے بچوں کی نگہداشت (واؤچرز اور فیس میں مالی معاونت) | **گمنام اثر**<br>ایسی ادائیگیاں جنہیں آپ پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں وصول کرتے ہیں **انہیں** بچے کی نگہداشت کے لیے معاونت کی اہلیت کا تعین کرتے وقت آمدنی تصور **نہیں کیا جائے گا**. |
| سماجی تحفظ (ریٹائرمنٹ) | ایسے بالغ افراد کے لیے ریٹائرمنٹ کی واجب الادا آمدنی جن کی عمر کم از کم 61 سال اور 9 مہینے ہے۔ | **گمنام اثر**<br>اہلیت سماجی تحفظ میں کی گئی سابقہ شراکت داریوں پر منحصر ہے۔ پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں آپ کو حاصل ہونے والی ادائیگیاں آپ کے سماجی تحفظ کی **ریٹائرمنٹ کی ادائیگیوں** کو متاثر **<u>نہیں</u>** کریں گی۔ |
| سوشل سکیورٹی انشورنس برائے معذوری (SSDI) | ایسے افراد کے لیے مالی معاونتیں جو معذور ہیں اور کام کی معقول سرگزشت کے حامل ہیں، یا تو اپنی ذاتی ملازمت یا پھر خاندان کے کسی فرد کے ذریعے۔ | **گمنام اثر**<br>اہلیت سماجی تحفظ میں کی گئی سابقہ شراکت داریوں اور کام سے قاصر ہونے پر منحصر ہے۔ SSDI کی اہلیت یا رقم کا تعین کرتے ہوئے پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں آپ کو موصول ہونے والی ادائیگیاں تصور **<u>نہیں</u>** کی جائیں **گی**۔ *تاہم، ملازمت سے حاصل ہونے والی آمدنی سے فوائد متاثر ہو سکتے ہیں۔* |
| انشورنس برائے بے روزگاری (UI) | ایسے بالغ افراد کے لیے عارضی اعانت جو اپنی ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھے ہوں تاکہ نئی ملازمت کی تلاش کے دوران اخراجات برداشت کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے۔ | **گمنام اثر**<br>ایسی ادائیگیاں جنہیں آپ پائلٹ میں حصہ لینے کے نتیجے میں وصول کرتے ہیں **ان کو اہلیت میں شمار <u>نہیں</u>** کیا جائے گا کیونکہ اس کو COVID ریلیف تصور کیا جاتا ہے۔ |

**مزید سوالات کے لیے براہ کرم اس ایجنسی سے رابطہ کریں جو فائدہ فراہم کرتی ہے۔**

اگر SSDI سے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم انفرادی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے Endependence Center سے رابطہ کریں۔



نوٹ: یہ صرف عمومی معلومات کے لیے ہے۔ ہر درخواست گزار کی صورت حال کو احتیاط سے سمجھنا چاہیئے اور انہیں اس ایجنسی سے تمام مطلوبہ سوالات پوچھنے چاہیئں جو ان کے فوائد کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔